سُنن ابنِ ماجہ شریف مترجم

جلد اوّل

تألیف

حافظ أبي عبد الله محمّد بن یزید ابن ماجه القزویني رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

مولانا محمّد قاسم امین مدظلہ العالی

ناشر

مکتبۃ العلم

۱۸- اردو بازار ٥ لاہور ٥ پاکستان

فون 7231788-7211788

نام کتاب: ——— سُنن ابن ماجہ شریف مترجم

تالیف: ——— حافظ ابی عبداللہ محمد بن یزید
ابن ماجہ القزوینی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم: ——— مولانا محمد قاسم امین مدظلہ العالی

طابع: ——— خالد مقبول

مطبع: ——— افضل شریف پرنٹرز

ملنے کے پتے

❖ مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ ☎ 7224228

❖ مکتبہ علوم اسلامیہ اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور ☎ 7221395

❖ مکتبہ جویریہ ۱۸ - اردو بازار ○ لاہور ○ پاکستان ☎ 7211788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو از راہ کرم مطلع فرما دیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لئے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

مَالِکٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ کُلَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی وَ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ یَا عَلِیُّ! لَا تُقْعِ اِقْعَاءَ الْکَلْبِ.

ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے علی! کتے کی طرح چوتڑ زمین پر ٹکا کر مت بیٹھا کرو۔

۸۹۶: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ ثَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنْبَأَنَا الْعَلَاءُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِکٍ یَقُوْلُ قَالَ لِیَ النَّبِیُّ ﷺ اِذَا رَفَعْتَ رَأْسَکَ مِنَ السُّجُوْدِ فَلَا تُقْعِ کَمَا یُقْعِی الْکَلْبُ ضَعْ اَلْیَتَیْکَ بَیْنَ قَدَمَیْکَ وَالْزِقْ ظَاهِرَ قَدَمَیْکَ بِالْاَرْضِ.

۸۹۶: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: جب تم سجدہ سے سر اٹھاؤ تو کتے کی طرح گوٹ مار کر مت بیٹھو اور اپنے چوتڑ اپنے پاؤں کے درمیان رکھو اور اپنے پاؤں کے اوپر کا حصہ (پشت) زمین کے ساتھ لگادو۔

خلاصۃ الباب ☆ اس باب میں دو مسئلے بیان کیے گئے ہیں: ۱) ایک تو تعدیل ارکان کا بیان ہے جس کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے۔ ۲) اقعاء ہے۔ اقعاء کی دو تفسیریں کی گئی ہیں' ایک یہ کہ آدمی سرین پر بیٹھے اور اپنے پاؤں کو اس طرح کھڑا کرے کہ گھٹنے شانوں کے مقابل آجائیں اور اپنے دونوں ہاتھوں کو زمین پر ٹیک لے' ایسا اقعاء بالاتفاق مکروہ ہے۔ دوسری تفسیر یہ ہے کہ دونوں پاؤں کو پنجوں کے بل کھڑا کر کے ایڑیوں پر بیٹھا جائے۔ اس دوسرے معنی کے لحاظ سے اقعاء کے بارے میں اختلاف ہے۔ حنفیہ' مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک یہ بھی علی الاطلاق مکروہ ہے البتہ امام شافعیؒ اس کو دونوں سجدوں کے درمیان سنت کہتے ہیں۔

۲۳: بَابُ مَا یَقُوْلُ بَیْنَ السَّجْدَتَیْنِ

باب: دونوں سجدوں کے درمیان کی دعا

۸۹۷: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا حَفْصُ بْنُ غِیَاثٍ ثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْمُسَیَّبِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ حُذَیْفَةَ ح وَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا حَفْصُ بْنُ غِیَاثٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَیْدَةَ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ الْاَحْنَفِ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ عَنْ حُذَیْفَةَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ کَانَ یَقُوْلُ بَیْنَ السَّجْدَتَیْنِ (رَبِّ اغْفِرْلِیْ' رَبِّ اغْفِرْلِیْ).

۸۹۷: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں سجدوں کے درمیان "رَبِّ اغْفِرْلِیْ' رَبِّ اغْفِرْلِیْ" پڑھا کرتے تھے۔

۸۹۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ ثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ صَبِیْحٍ عَنْ کَامِلٍ اَبِی الْعَلَاءِ قَالَ سَمِعْتُ حَبِیْبَ بْنَ اَبِیْ ثَابِتٍ یُحَدِّثُ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ بَیْنَ السَّجْدَتَیْنِ فِیْ صَلَاةِ اللَّیْلِ رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَارْفَعْنِیْ.

۸۹۸: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نماز میں دونوں سجدوں کے درمیان رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَارْفَعْنِیْ پڑھا کرتے تھے۔

باب کے صفحہ 209